DIRCTORATE OF EDUCATION, GNCT, DELHI

(PRACTICE QUESTION PAPER 2023-24)

SUBJECT: URDU-I

CLASS-VIII

TIME:2:30 Hrs. Max.Marks :60

سوال 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 6

گینٹ ایک سمندری چڑیا ہے۔ بہت سی دوسری چڑیوں کی طرح گینٹ کی خوراک مچھلی ہے۔ اپنی خوراک کو وہ پانی میں غوطہ لگا کر حاصل کرتی ہے۔ گینٹ کا غوطہ لگانے کا طریقہ حیرت انگیز ہے۔ یہ پانی کی سطح سے پچاس فٹ سے اوپر تک کی اڑان بھرتی ہے پھر اچانک اپنے پروں کو بند کر کے سیدھی نیچے آتی ہے اور پانی کی سطح سے ٹکرا کر اس میں غائب ہو جاتی ہے۔

(i) گینٹ کیا ہے؟

a۔ ایک پہاڑی جانور   b۔ ایک جنگلی جانور

c۔ ایک سمندری چڑیا   d۔ ایک پالتو جانور

(ii) گینٹ کی خوراک کیا ہے؟

a۔ گوشت   b۔ سبزی

c۔ ہری پتیاں   d۔ مچھلی

(iii) خوراک حاصل کرنے کے لیے گینٹ کیا کرتی ہے؟

a۔ تیرتی ہے   b۔ غوطہ لگاتی ہے

c۔ ڈبکی لگاتی ہے   d۔ ہوا میں اڑتی ہے

سوال 2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 6

شبنم کے آئینے کا عکس چمن دکھانا

پتّوں کا شاد ہونا اور تالیاں بجانا

پھولوں میں دلکشی ہے کانٹوں میں تازگی ہے

ہر دل میں اک خوشی ہے ہر سمت روشنی ہے

وادی پہاڑ صحرا ہر ایک جگمگایا

دریا کو جوش آیا ساحل بھی گنگنایا

(i) کانٹوں میں کیا ہے؟

(a) تازگی (b)۔ پانی (c)۔ پتے (d)۔ ان میں سے کوئی نہیں

(ii) شبنم کے آئینے کا عکس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مصرع مکمل کیجیے۔

(a) جگمگانا (b)۔ گنگنانا (c) ۔ بجانا (d)۔ چمن دکھانا

(iii) 'صحرا' کے کیا معنی ہیں؟

(a) جنگل (b)۔ ریگستان (c)۔ سمندر (d)۔ ندی

سوال۔3 درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 6

اتر پردیش کی راجدھانی لکھنؤ میں گومتی ندی کے کنارے ایک ہرا بھرا پارک ہے جسے حضرت محل پارک کہا جاتا ہے۔ انگریزوں نے اس مقام کو اپنی فتح کی یادگار قرار دیتے ہوئے وکٹوریہ پارک کہا جاتا تھا اور جس سنگ مرمر کے گنبد کے نیچے اودھ کی سلطنت کا طغرا نصب ہے ایک زمانے میں انگلستان کی ملکہ وکٹوریہ کا ایک مجسمہ لگا ہوا تھا۔

(i) اتر پردیش کی راجدھانی کیا ہے؟

(a) دہلی (b) بنارس

(c) کانپور (d) لکھنؤ

(ii) کس ندی کے کنارے یہ پارک کو حضرت محل پارک کہا جاتا ہے؟

(a) جمنا (b) گنگا

(c) گومتی (d) سرسوتی

(iii) وکٹوریہ پارک کو کیا کہا جاتا ہے؟

(a) گاندھی پارک (b) حضرت محل پارک

(c) نہرو پارک (d) کمپنی پارک

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔6

یہ ہے میرا ہندستان

میرے سپنوں کا جہان

اس سے پیار مجھ کو

ہنستا گاتا جیون اس کا ، دھوم مچاتے موسم
گنگا جمنا کی لہروں میں سات سروں کا سرگم
تاج ایلورہ جیسے سندر تصویروں کے البم

یہ ہے میرا ہندستان

(i) ہمارے ملک کا نام کیا ہے؟

(a) امریکہ (b) جاپان

(c) ہندستان (d) دہلی

(ii) شاعر نے کن ندیوں کا ذکر کیا ہے؟

(a) سندھ (b) گنگا

(c) جمنا (d) b اور c دونوں

(iii) شاعر نے دھوم مچاتا کسے کہا ہے؟

(a) موسم کو (b) بادل کو

(c) تاج کو (d) بارش کو

سوال 5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 5

(i) کمپیوٹر (ii) میرا پسندیدہ کھیل (iii) میرا دوست

سوال 6۔ اپنے پرنسپل کے نام سیکشن بدلنے کے لیے درخواست لکھیے۔ 4

یا

چھوٹی بہن کو امتحان میں کامیابی کی مبارکباد دینے کے لیے خط لکھیے۔

سوال 7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے۔ 8

(i)۔ نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کے جملے بنائیے۔

عزّت ۔ بیدار ۔ مہمان ۔ خوش گوار

(ii)۔ نیچے دیئے گئے لفظوں میں سے صرف چار کے متضاد لکھئے۔

فتح ۔ جدید ۔ مناسب ۔ نیک ۔ دوست ۔ ابتدا

(iii)۔ نیچے دیئے گئے واحد میں سے صرف چار کے جمع لکھئے۔

قوم۔ خدمت۔ تجربہ۔ لہر۔ پری۔ خیال

(iv)۔ خوش لگا کر چار لفظ بنائیے۔

سوال 8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 9

(i)۔ مصنّف نے برسات کا کیا حلیہ بتایا؟

(ii)۔ جمیل کے گھر مہمان بن کر کون لوگ آئے؟

(iii)۔ رفیع احمد قدوائی ملک وقوم کی خاطر کتنی بار جیل گئے؟

(iv)۔ گاندھی جی نے اردو زبان سیکھنے کے لیے کس سے مدد لی؟

(v)۔ جاڑے کی کن خوبیوں کو بڑی بی نے بیان کیا؟

سوال 9۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 6

(i)۔ غالب کون تھے؟

(ii)۔ رات کے دل میں گھاؤ لگنے سے کیا مراد ہے؟

(iii)۔ شبنم اور گوہر کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

(iv)۔ نظم 'یہ ہے میرا ہندستان' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

سوال 10۔ صحیح جملوں پر صحیح (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔ 4

(i)۔ حضرت محل کا اصلی نام محمدی بیگم تھا۔ (   )

(ii)۔ 10 مئی 1857 کو ہندستانی سپاہیوں نے بغاوت کا علم بلند کیا۔ (   )

(iii)۔ حضرت محل پردہ نشین خاتون نہیں تھیں۔ (   )

(iv)۔ حضرت محل نے حملے کے ڈر سے چوکی کو چھوڑ دیا۔ (   )